افغان صوبہ کنڑ میں قائم نام نہاد مدارس میں ٹی ٹی پی خوارج کی تقاریب
افغان عبوری حکومت کے دعوؤں پر سوالیہ نشان

کالعدم ٹی ٹی پی کی خودساختہ وزارت معارف و دعوت کی جانب سے افغان صوبہ کنڑ میں قائم نام نہاد مدارس میں گزشتہ روز تقاریب کا اہتمام کیا گیا، جہاں دینی تعلیم کی بجائے دہشتگردی اور غیر اسلامی شعار کی تعلیم دی جاتی ہے۔

افغانستان میں یوں کھلے عام ٹی ٹی پی کی طرف سے ایسی تقاریب کا انعقاد افغان عبوری حکومت کی حمایت کے بغیر ممکن نہیں، یقیناً ٹی ٹی پی کے ایسے اقدامات میں ان کی مکمل مدد بھی شامل ہے۔ یہ امر افغان طالبان کے جھوٹے دعووں اور منافقت کو بے نقاب کرنے کے لیے قافی ہے۔

افغانستان میں قائم ٹی ٹی پی کے باقی مدارس کی طرح صوبہ کُنڑ میں واقع ٹی ٹی پی کے مدرسہ جامع منبع العلوم کا مہتمم گل محمد باجوڑی سینکڑوں پاکستانیوں کا قاتل ہے اور مجبور اور بے کس افغان بچوں کو ورغلا کر پاکستان کے خلاف دہشتگردی اور خودکش حملوں پر تیار کر رہا ہے۔

افغان عبوری حکومت پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بین الاقوامی برادری، بالخصوص پاکستان سے کیے گئے وعدوں کا پاس رکھے اور اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے ورنہ پاکستان یکطرفہ کاروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔